الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد 9 ستمبر 2015

مقامی حکومتوں کے انتخابات برائے صوبہ سندھ

(انتخابی عملے کے لیے ضابطہ اخلاق)

## نوٹیفیکیشن

نمبر-(F.6(11)/2015-LGE(S):- اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق (3)218 وشق 219 اور سندھ لوکل کونسلز (الیکشن) رُولز، 2015 کے رُول 3 کے تحت حاصل شدہ اختیارات اور دیگر تمام حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے الیکشن کمیشن نے سندھ میں آئندہ مقامی حکومتوں کے انتخابات اور اس کے بعد ہونے والے ضمنی انتخابات کے لئے متعین انتخابی عملے کے لئے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق جاری کیا ہے جس کی پابندی متعلقہ افسران اور عملے کے لئے لازم ہوگی:۔

1۔ تمام انتخابی عملہ پولنگ اسٹیشن پر اپنا اصل شناختی کارڈ، سروس کارڈ اور ریٹرننگ افسر کی جانب سے موصول شدہ ڈیوٹی آرڈر ہمراہ رکھے گا۔

2۔ پریذائیڈنگ افسر صرف ضلعی ریٹرننگ افسر اور ریٹرننگ افسر کی طرف سے موصولہ ہدایات پر عمل کرے گا اور جہاں ضروری ہوگا الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ہینڈ بک سے رہنمائی حاصل کرے گا۔

3۔ اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسر اور پولنگ افسران پولنگ والے دن پریذائیڈنگ افسران کی ہدایات پر عمل کو یقینی بنائیں گے۔

4۔ انتخابی عملہ پولنگ والے دن وقت کی پابندی کا خیال رکھے گا اور جب تک پولنگ اسٹیشن پر تمام کاروائی مکمل نہ ہو جائے وہاں موجود رہے گا۔

5۔ اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران پولنگ اسٹیشن کھولنے اور بند کرنے اور انتخابی سامان کی ترسیل میں پریذائیڈنگ افسر کی مدد کریں گے۔

6۔ اگر کسی وقت انتخابی عملے کا کوئی رکن کسی وجہ سے اپنے فرائض انجام دینے سے قاصر ہو تو فوراً اپنے پریذائیڈنگ افسر کو اطلاع دے گا/ دے گی جو فوری طور پر اس بارے میں اپنے ریٹرننگ افسر کو مطلع کرے گا/ گی۔

7۔ انتخابی عملہ اپنی پیشہ وارنہ ذمہ داریاں مکمل غیر جانب داری سے نبھائے گا اور تمام رائے دہندگان، امیدواروں اور ان کے ایجنٹوں، ذرائع ابلاغ کے نمائندوں اور مبصرین کے ساتھ کسی قسم کا تعصب روا نہیں رکھے گا۔

8۔ انتخابی عملہ اپنے آپ کو کسی سیاسی کاروائی یا انتخابی مہم میں ملوث نہیں کرے گا اور نہ ہی پولنگ اسٹیشن پر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران اپنی پسند یا ترجیح کا اظہار کرے گا۔

9۔ انتخابی عملہ پولنگ اسٹیشن میں کسی رائے دہندہ کو کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کو ووٹ دینے یا نہ دینے کا مشورہ نہیں دے گا۔

10۔ انتخابی عملہ کسی امیدوار کا نشان نہیں پہنے گا۔

11۔ انتخابی عملہ رائے دہندگان کے حقوق کی حفاظت کرے گا اور اس بات کا اہتمام کرے گا کہ خفیہ رائے دہی کے اصول کی کسی صورت میں خلاف ورزی نہ ہو۔

12۔ پریذائیڈنگ افسر پولنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے مسائل کو فوری طور پر حل کر کے انتخابی عمل کو بلاتعطل جاری رکھنے کو یقینی بنائے گا۔

13۔ پریذائیڈنگ افسر اس بات کا خصوصی اہتمام کرے گا / گی کہ ضعیف العمر یا بیمار رائے دہندگان اور حاملہ خواتین بغیر کسی انتظار کے اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں۔ انہیں رائے دہندگان کی قطار میں سب سے آگے کھڑا کیا جائے گا۔

14۔ پریذائیڈنگ افسر اور دیگر انتخابی عملہ اس بات کا خاص خیال رکھے گا کہ بینائی سے محروم اور دیگر معذور رائے دہندگان بغیر کسی رکاوٹ یا پریشانی کے اپنا ووٹ ڈال سکیں۔ انہیں قانون کے مطابق اپنی مرضی کا مددگار رکھنے کی سہولت مہیا کی جائے گی۔

15۔ پریذائیڈنگ افسر کسی امیدوار کو پولنگ اسٹیشن کے اندر یا پولنگ اسٹیشن سے باہر 200 میٹر کی حدود میں انتخابی مہم نہیں چلانے دے گا۔

16۔ پریذائیڈنگ افسر ایسے انتخابی مبصرین اور ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو پولنگ اسٹیشن کے اندر آنے کی اجازت دے گا جن کے پاس الیکشن کمیشن یا کسی دیگر مجاز افسر کا اجازت نامہ ہو۔ تاہم ایسے افراد کو انتخابی عمل میں مداخلت کرنے یا ووٹنگ اسکرین تک جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

بحکم الیکشن کمیشن

(فدا محمد) Fcdale 9.9.2015

ایڈیشنل سیکریٹری

I. **Copy forwarded for information to the Registrar, Supreme Court of Pakistan, Islamabad.**

II. **Copy forwarded for information to the:**

(1) Secretary to the President, Aiwan-e-Sadar, Islamabad.
(2) Secretary to the Prime Minister, Prime Minister's House, Islamabad.
(3) Secretary, Establishment Division, Islamabad.
(4) Secretary, Cabinet Division, Islamabad.
(5) Secretary, Ministry of Parliamentary Affairs, Govt. of Pakistan, Islamabad.
(6) Secretary, Ministry of Defence, Government of Pakistan, Rawalpindi.
(7) Secretary, Ministry of Interior, Government of Pakistan, Islamabad.
(8) Chief Secretary, Government of Sindh, Karachi.
(9) Secretary, Local Government Department, Government of Sindh, Karachi.

III. **Copy forwarded for information and necessary action to the:**

(1) Provincial Election Commissioner, Sindh, Karachi.
(2) All DROs, ROs and AROs concerned.
(3) All Regional Election Commissioners.
(4) All District Election Commissioners.

(2)–(4): Through PEC, Sindh, Karachi

IV. **Copy also forwarded to the:**

(1) Joint Secretary (LGE)
(2) Director General (Admn)
(3) Additional Director General (Elections)
(4) Additional Director General (Budget)
(5) Additional Director General (Legal)
(6) Additional Director General (Admn)
(7) Additional Director General (ER)
(8) Additional Director General (PR)
(9) Additional Director General (Gender Affairs)
(10) Director General (IT)
(11) Deputy Secretary (TR & E)
(12) Director (Legal)
(13) Director (MIS)
(14) Director Protocol to Hon'ble CEC
(15) Deputy Director (Budget)
(16) Deputy Director (LGE-Punjab)
(17) Deputy Director (LGE-Sindh)
(18) Deputy Director (LGE-KPK)
(19) Deputy Director (LGE-Balochistan)
(20) Deputy Director (Cord)
(21) Deputy Director (GS)
(22) Deputy Director (Web)
(23) Deputy Director (PR)
(24) SPS to Hon'ble CEC
(25) SPS to Secretary
(26) PS to Hon'ble MEC-I, II, III & IV
(27) PS to Additional Secretary (TR & E)
(28) PA to Additional Secretary (Admn)

(1)–(28): ECP Secretariat, Islamabad

**(Adnan Bashir)**
Deputy Director (LGE-Sindh)